ايماں کي ٰايتوں سے جنگل بسا ھوا ھے

ايماں کي ٰايتوں سے جنگل بسا ھوا ھے
بکھرا ھوا زمين پر قرٰان پڑا ھوا ھے

ھے انتظار ماں کو ٰانسو تھمے ھوئے ھے
اصغر پہ ھے نگاھيں پردہ اٹھا ھوا ھے

شبير کي جبيں پر يہ زخم ھے نماياں
يا سرخ ٰايتوں ميں قرٰان لکھا ھوا ھے

شبير کي جبيں ھے اور زير تيغ سجدے
اے کربلاء زميں پر کعبہ جھکا ھوا ھے

دولھا کا پيارا چھرہ اور اس پہ خوں کي دھارے
شبير کا بھتيجہ دولھا بنا ھوا ھے

ننھي لحد سے اُٹھکر بانو کے پاس ٰاؤ
اصغر تمھارے خاطر جھولا تھا ھوا ھے

اکبر کے پاس ٰاکر مولی ھے کشمکش ميں
کس طرح نکلے برچھي سينہ چھيدا ھوا ھے

ھے انقلاب عالم يوں جا رھي ھے زينب
چادر چھيني ھوئي ھے بازوں بندھا ھواھے

اترا ھوا ھے چھرہ سوکھے ھوئے ھے ٰانسو

اصغر کہاں سدھارے بانو کو کیا ھوا ھے

ٹوٹے ھوئے ھے تارے جھکتا ھوا ھے سورج

شبیر کا زمیں پر لاشہ پڑا ھوا ھے